حکایت ۲۰ - صفحہ ۵۵

بنی آدم - اولاد آدم - انسان -

حکایت ۲۱

اِخوانِ صَفا - پاک باطن بھائی - درویشاں -

حکایت ۲۲

اِستحقار - حقیر اور بُرا جاننا -

صفحہ ۵۷

خِرقت - درویشی -

ذِکر - یادِ خدا - اذکار جمع -

اِیثار - خلق کو اپنے نفس پر اختیار کرنا -

بوریا - چٹائی -

حکایت ۲۳ صفحہ ۵۸

حَاتِم طَائی - ایک مشہور سخی عبداللہ بن سعد طائی کا لڑکا اصلی نام عثمان تھا جب سخاوت اپنے اوپر لازم کرلی اس نام سے مشہور ہوگئے - حاتم کے معنی لغت میں سخاوت کا اپنے اوپر لازم و واجب کرنے والا ہے -

زَکوٰۃ - مال کا چالیسواں حصّہ جو خدا کی راہ میں صرف کیا جاوے -

رَزَ - انگور -

صفحہ ۵۹

باب سوم در فضیلت قناعت

حکایت ۱

بَزّاز - صیغہ مبالغہ - جامہ فروش -

حکایت ۲

عَاقِبَتُ الْاَمر - آخرکار -

عَلّامہ - صیغہ مبالغہ - بڑا عالم - بہت جاننے والا -

عَزِیزِ مِصر - وزیر مصر -

بَارِیْ - خدا

عَزَّ اِسْمُہٗ - غالب ہے نام اسکا -

فِرعَون - مصر کا مغرور بادشاہ مصعب بن ولید حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں تھا -

ہامان - فرعون کے وزیر کا نام تھا -

صفحہ ۶۰

زُنْبُوْر ۔ مشہور ڈنک مارنے والی مکھی ۔

بحر ۔ زنابیر جمع ۔

حکایت ۴

حَاذِقْ ۔ دانشمند ۔ ہوشیار ۔ حذقہ جمع ۔

صفحہ ۶۱

اَصْحَاب ۔ یاراں جن لوگوں نے حضرت رسول مقبول صلعم کی خدمت میں با ایمان حاضر رہکر اطاعت کی ۔

اِشْتِہَا ۔ بھوک ۔

حکایت ۵

اُرْدشِیْر بابکان ۔ بہمن اسفندیار روانزا کے باپ کا نام تھا جب گشتاسپ بہمن کے دادا نے اسے نہایت شجاع دیکھا تو اس نام سے موسوم کیا ۔

صد درم سنگ ۔ ایک سو درم کا وزن

حَمَّال ۔ بوجھ اٹھانے والا ۔

حکایت ۶ صفحہ ۶۲

اِفْطَار ۔ روزہ شکنی ۔

جَاسُوْس ۔ مخبر ۔ جواسیس جمع ۔

حکایت ۷

ظَرِیْف ۔ خوش طبع ۔

گلشکر ۔ گلقند ۔

حکایت ۸ صفحہ ۶۳

مِعْدَہ ۔ شکم ۔ پیٹ ۔

حکایت ۹

صُوْفِی ۔ پاک دل ۔ درویش جنکی پوشاک پشمینہ ہوتی ہے ۔

لُعْنَت ۔ عیب جوئی ۔

بَقَّال ۔ ترکاری بیچنے والا ۔ غلہ فروش ۔

حکایت ۱۰

تَاتَار ۔ ایک ملک کا نام جہاں کا مشک مشہور ہے ۔

نوشدارو ۔ ایک مرکب دوا ہے جس سے زہر کا اثر دور ہوجاتا ہے اور نہایت مقوی قلب ہے ۔

صفحہ ۶۴

حَنْظَل ۔ اندرائن کا پھل ۔

حکایت ۱۲ ۔ صفحہ ۶۵

لِقَا - دیکھنا - دیدار -

حکایت ۱۳

وَحْشْ - جنگلی جانور -

طَیْر - چڑیاں -

پَرنیاں - منقش ریشمی کپڑا -

نَسِیْج - زربفت -

لاجورد - نیلم -

حکایت ۱۴

بَلے - حرف ایجاب - ہاں -

خارکش - لکڑہارا -

سِماط - خوان -

حکایت ۱۵ - صفحہ ۶۷

خَمْر - شراب -

عَرْبَدَہ - جنگ و بدخوئی -

سَیلی - تپانچہ

فلاطوں - حکیم الٰہی - ارسطو کا استاد سقراط کا شاگرد -

حکایت ۱۶ - صفحہ ۶۸

اَعْرابی - بادیہ نشین عرب -

خَزَف - خرمُہرہ - ٹھیکری -

حکایت ۱۸

قاع - زمین ہموار -

زرجعفری - خالص سونا - ایک قسم کی اشرفی جسکا سونا خالص ہو -

نُقرہ خام - خالص چاندی -

حکایت ۱۹

تَرَہ - ترکاری - سبزی -

حکایت ۲۰

رَکِیک - سست - بے حرکت

صفحہ ۷۰

ماحَضَر - تھوڑا کھانا جو موجود ہو -

حکایت ۲۱

کِیش - ایک جزیرہ کا نام جو ہرمز کی طرف منسوب ہے -

قبالہ - زمین کا کاغذ -

گوگرد - گندھک -

ماخولیا - جنون کا ابتدائی درجہ مفکر فاسد

صفحہ ۷۱

غُوْرْ ۔ ایک ملک کا نام ہے جو قندھار کے
قریب ہے ۔

**حکایت ۲۲**

**اَصْحَابِ کَہْفْ** ۔ چند باخدا جو حاکمِ وقت
کے ظلم کے خوف سے ایک غار میں پوشیدہ
ہوئے اِنکی تعداد سات یا نو تھی ۔ اِن کے
ساتھ ایک کتا بھی تھا جسے قطمیر کہتے تھے ۔

صفحہ ۷۲

**شَرْذِمَہ** ۔ موافق ہوا
**خِشْتْ** ۔ اینٹ ۔
**دِمْیَاطِی** ۔ ایک قسم کا کپڑا جو شہر دمیاط
میں تیار کیا جاتا ہے ۔
**قَبِیلَہ** ۔ رشتہ دار ۔ ایک خاندان کے لوگ

**حکایت ۲۳ ۔ صفحہ ۷۳**

**شَغَالْ** ۔ گیدڑ ۔
**دَجْلَہ** ۔ نہر بغداد ۔

**حکایت ۲۴**

**ہزار پایہ** ۔ کنکھجورا ۔

**حکایت ۲۵**

**اَبْلَہ** ۔ بیوقوف ۔

صفحہ ۷۴

**سَمِیْن** ۔ فربہ ۔
**ثَمِیْن** ۔ قیمتی ۔
**قَصَبِ مصری** ۔ ریشمی کپڑا مصر کا بنا ہوا ۔
**دِیبَاۓ مُعَلَّم** ۔ منقش ریشمی کپڑا ۔
**لَا یَعْلَم** ۔ نادان ۔
**دُرَّاعَہ** ۔ پیراہن ۔

**حکایت ۲۶**

**لَئِیم** ۔ بخیل ۔ بدبخت ۔
**جُبَّہ** ۔ گدڑی ۔

**حکایت ۲۷ ۔ صفحہ ۷۵**

**عُوْد** ۔ اگر ۔
**وَسْمَہ** ۔ نیل جس سے خضاب کرتے ہیں ۔
**خُلَّان** ۔ جمع خلیل ۔ دوستاں ۔
**سالکانِ طریقت** ۔ خدارسیدہ درویشاں

صفحہ ۷۶

**مُکْنَت** ۔ تونگری ۔
**مَنْطِق** ۔ گویائی ۔

ہیمرود - ولایت سیستان ۔

صفحہ ۷۷

طیبِ عیش - عمدہ خوشی ۔

صفحہ ۷۸

صَلابت - سختی ۔

آسیا - چکی ۔

قُراضہ - ریزۂ زر ۔

بعیر - کشتی ۔

صفحہ ۷۹

مُحابا - اصل میں محابات تھا۔ مہر و محبت دریغ ۔

مُسامحت - آسانی ۔

قز - ابریشم ۔

خطام - جہاز کی رسی ۔

صفحہ ۸۰

یکتاش، خیلتاش - دو پہلوانوں کا نام تھا ۔

مِقود - جہاز کی رسی ۔

زمام - اونٹ کی مہار۔ جہاز کی رسی

ازرتہ جمع ۔

پشیز - کوڑی ۔

تعدّی - تجاوز کرنا۔ ظلم ۔

صفحہ ۸۱

بدرقہ - رہبر۔ رہنما ۔

کوریاں - دزداں ۔

صفحہ ۸۲

لا واللہ - نہیں خدا کی قسم ۔

تعبیہ - پوشیدہ ۔

صفحہ ۸۳

رُوستائی - گاؤں کا رہنے والا ۔

سلحشور - سپاہی ۔

صفحہ ۸۴

تفنگ - گھڑیال ۔

شرزہ - طاقتور۔ غضبناک ۔

عنکبوت - مکڑی۔ عناکب جمع ۔

مُصلّائے شیراز - رکنا باد کی نماز گاہ ۔

رکنا باد شیراز میں ایک سیر گاہ ہے ۔

عضد - عضد ایک امیر کا نام تھا ۔

صفحہ ۸۵

رِباطا - سرا۔ خانہ

حکایت ۲۹

آز - حرص -

سُنَّت - روش پیغمبر اسلام علیہ السلام

سُنن جمع -

صفحہ ۸۶

دَف - دائرہ - دفلا -

تَشرِیق - سیوتی -

باب چہارم در فوائد خاموشی

حکایت ۱

امتناع - باز رہنا -

صفحہ ۸۷

هُور - آفتاب -

موشک کور - چھچھوندر

حکایت ۲

خسارت - کمی گھاٹا -

شَماتت - کسی کی برائی پر خوش ہونا -

لاحَول - مختصر لاحولَ ولا قُوَّةَ اِلّا بِاللہ

نہیں ہے قوت گناہ سے توڑنے کی مگر خدا کی

قوت اور مدد سے -

حکایت ۳

فنون فضائل - ہر قسم کے علم و فضل -

حَظّ - بہرہ و نصیب -

نعلین - تثنیہ نعل - دو کفش پا -

صفحہ ۸۸

سرہنگ - سپاہی -

حکایت ۴

مُناظرہ - ایک چیز میں دو آدمیوں کا بحث

کرنا -

ملاحدہ - جمع مُلحد - منکر اسلام - بے دین

لعنہم اللہ علیہم - انہیں سے ہر ایک

پر خدا کی پھٹکار -

حُجَت - دلیل - حجج جمع -

حکایت ۵

جالینوس - یونان کا مشہور حکیم ارسطاطالیس

کا شاگرد -

صفحہ ۸۹

فرجام - انجام

حکایت ۶

سحبان وائل - سحبان وائل کا بیٹا فصاحت
میں ضرب المثل ہے -

حلوا - شیرینی -

حکایت ۷

فرہنگ - دانش و عقل

حکایت ۸

حسن میمندی - سلطان محمود غزنوی کا وزیر
شہر میمند کا رہنے والا -

حکایت ۹ - صفحہ ۹۰

یخ - برف -

غرفہ - بالاخانہ - بروارہ -

قبا پوستیں - ایک پیراہن جسکا استر سنجاب
قاقم اور قندز جانوروں کی کھال سے ہوتا ہے

حکایت ۱۰

خطیب - مسجدوں میں بروز جمعہ خطبہ پڑھنے
والا جسمیں خدا اور رسول خدا کی تعریف نصائح
اور احکام ہوتے ہیں -

اَنْکَرُ الصَّوْت - بدآواز -

صفحہ ۹۱

نَعِیبُ غُرَابِ الْبَیْنِ - جدائی کے کوے
کی آواز -

اِنَّ اَنْکَرَ الْاَصْوَاتِ - بیشک زیادہ بدآواز

قَرْیَہ - گاؤں - قریات جمع -

یَاسَمَن - چنبیلی -

حکایت ۱۱ - صفحہ ۹۲

طَوْع - رغبت - خوشی -

بَانگِ نماز - اذان

مُؤَذِّن - اذان دینے والا -

بُقْعَہ - مکان - یہاں مسجد سے مراد ہے - بقاع جمع

تیشہ - بسولا -

خارا - سخت پتھر -

حکایت ۱۲

مُشَاہَرَہ - ماہانہ -

نَمَط - طور - طریق -

صفحہ ۹۳

باب ششم در ضعف پیری

## حکایت ۱

نزع - جانکنی -

صفحہ ۹۴

مستولی - غالب -

فیلسوف - یہ لفظ مرکب ہے فیلا بمعنی محب سوفا بمعنی حکمت سے یونانی زبان میں حکیم کو کہتے ہیں -

ہائل - خوف دلانے والا -

خرف - پیر فرتوت جسکی عقل پیری کی وجہ سے فاسد ہوگئی ہو -

حریف - ہم کار و ہم پیشہ -

مخبط - دیوانہ

عزیمت - دعا و افسون - عزائم جمع -

## حکایت ۲

بلخ - ماوراءالنہر میں ایک شہر ہے -

## حکایت ۳ - صفحہ ۹۵

کریوہ - ٹیلا - ٹیکرا -

## حکایت ۴ - صفحہ ۹۶

زال - بوڑھی عورت -

## حکایت ۵ -

مصحف - قرآن مجید -

الحمد - کلام مجید کی پہلی سورہ جسکا شروع لفظ الحمد سے ہے -

# باب ہفتم در تاثیر تربیت

## حکایت ۱

کودن - غبی - کند ذہن -

صفحہ ۹۷

دریاے ہفتگانہ - دنیا کے سات بڑے دریا - دریاے اخضر - دریاے عمان - دریاے قلزم - دریاے بربر - دریاے اوقیانوس - دریاے روم - دریاے اسود -

## حکایت ۲

تحکم - حکومت برداشت کرنی -

## حکایت ۳ - صفحہ ۹۸

فضلا - جمع فاضل - عالم -

افواہ - جمع فوہ - منہ -

بذلہ - لطیفہ - تمسخر -

اقلیم - کشور -

اَنْبَتَهُمُ اللّٰهُ نَبَاتًا حَسَنًا ۔ نشوونما دے انہیں اللہ اچھا نشوونما۔

اِجْتِہَاد ۔ کوشش۔

اَبْنَاےِ عَوَام ۔ عام لوگوں کے لڑکے۔

## حکایت ۴ ۔ صفحہ ۹۹

فَقِیْہ ۔ عالم ۔

مُعَلِّمِ کُتَّابی ۔ مکتب کا اُستاد

تُرش رُو ۔ بدمزاج ۔

گداطبع ۔ کمینہ طبیعت ۔

خَبَاثَت ۔ بدی ۔

سَلِیْم ۔ نرم دل ۔

صفحہ ۱۰۰

بازیچہ ۔ کھیل ۔

لَوْح ۔ تختی ۔

خَرْسَک ۔ ایک قسم کا کھیل ہے ۔ ایک دایرہ بناتے ہیں اور ایک شخص اس کے درمیان بیٹھتا ہے اور لوگ آکر اُسے مارتے ہیں وہ پاؤں پھینکتا ہے جس پر اس کا پاؤں پڑجاتا ہے وہ اُسکی جگہہ پر بیٹھتا ہے ۔ اِس کھیل کو عرب میں مجورہ کہتے ہیں ۔

مَلَائِکَہ ۔ فرشتے ۔ یہاں لڑکوں سے مراد ہے۔

## حکایت ۵

فِسْق ۔ گناہ ۔

فُجُور ۔ بدکاری ۔ نافرمانی ۔

مُنْکَر ۔ ناپسند ۔

مُسْکِر ۔ نشلی چیز ۔

سَرُود ۔ ایک قسم کا باجا ۔ راگ ۔

صفحہ ۱۰۱

رُود ۔ ندی ۔

آجِل ۔ آیندہ ۔

بَلِّغْ مَا عَلَیْکَ الخ ۔ پہونچا دے جو کچھ تجھپر لازم ہے ۔ پس اگر نہ قبول کریں تو تجھ پر مواخذہ نہیں ہے ۔

صفحہ ۱۰۲

مَسْکَنَت ۔ خواری و دردمندی ۔

## حکایت ۶

اَدِیْب ۔ علم ادب جاننے والا ۔ زباندان معلم ۔ ادبا ، جمع ۔

بَلَاغَت - قال کا حال کے مطابق ہونا -

مُنتَہِی - علم و فن کی تحصیل کو انتہا تک
پہونچانے والا -

مُواخَذَت - پکڑنا - جواب طلب کرنا -

مُعَاتَبَت - نکوہش اور سرزنش کرنا -

صفحہ ۱۰۳

سُہَیل - ایک روشن ستارہ جنوب کی
طرف طلوع ہوتا ہے سب سے پہلے یمن میں
دکھائی دیتا ہے اسکے اثر سے یمن کی ادھوریاں
خوشبو ہو جاتی ہیں -

اَنبَان - چرم خام - ادھوڑی -

اَدِیم - چرم خوشبو -

حکایت ۷

پیرِ مُرَبِّی - باخدا درویش جو علم معرفت کی
تعلیم کرتا ہے -

مُرِید - تحصیل معرفت کے قصد سے کسی درویش
کامل کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دل کی برائیاں
دور کرنے والا -

مُضغَہ - گوشت کا لوتھڑا -

بے حِس - جسمیں کسی بات کے دریافت کی
قدرت و قوت نہ ہو -

مَدہُوش - حیران -

اِدرَاک - سمجھ -

حکایت ۸

جَامۂ کعبہ - غلاف کعبہ جو مصر سے تیار ہوکر
نہایت احترام کے ساتھ ہرسال آیا کرتا ہے -

کِرمِ پِیلَہ - ریشم کا کیڑا -

حکایت ۹

کَژدُم - بچھو -

مَعہُود - مقرر - معمول -

اَحشَا - جمع حشا - جو کچھ پیٹ کے اندر ہے
مثل جگر - طحال - دل وغیرہ -

صفحہ ۱۰۴

نُکتَہ - باریکی -

دَاعِی - بلانے والا - دعاگو - یہاں شیخ سعدی
سے مراد ہے - دُعَاۃ جمع -

فُسُوق - نافرمانی - گناہ -

عَدِیل - کجاوہ کا ہم نشین - برابر - ہمسر

یَاَلْعَجَب ۔ اے عجب ۔
فَرْزِیْن ۔ مہرۂ بلند شطرنج جسے وزیر کہتے ہیں ۔

حکایت ۱۱ ۔ صفحہ ۱۰۵

خَواجہ اَرْسَلَان ۔ ارسلان ایران کے بادشاہ کا نام ۔ حکمران خواجہ ۔
آغوش ۔ پروردہ ۔ غلام ۔

حکایت ۱۲

بَلْخ ۔ خراسان کا قدیم شہر ۔
چَرْخ انداز ۔ کماندار ۔
زِہ ۔ چِلّۂ کمان ۔
مُتَنَعِّم ۔ نازو نعمت کا پالا ہوا ۔
رَعْدِ کُوس ۔ نقارہ کی سخت آواز جو گرج کی طرح ہو ۔
بَرْقِ شمشیر ۔ تلوار کی چمک ۔

صفحہ ۱۰۶

نیرو ۔ طاقت ۔
تَفَاخُر کُنَاں ۔ نازو غرور کرتا ہوا ۔
کُلُوخ کوب ۔ دُھرمُٹ ۔

جَوْشَن ۔ زرہ
مَصَاف ۔ جنگ ۔
مَسْئلہ شَرْع ۔ شریعت اسلام کی باتیں ۔

حکایت ۱۳ صفحہ ۱۰۷

تُرْبَت ۔ گور
کِتَابَہ ۔ خط جلی ۔ پتھر جو قبر پر نصب کیا جاتا ہے جس میں میت کی تاریخ وفات یا کوئی عبرت انگیز مضمون جلی قلم سے لکھا جاتا ہے ۔
رُخَام ۔ سنگ مرمر ۔

جدال سعدی با مدعی

شُنْعَت ۔ زشتی ۔

صفحہ ۱۰۸

زَائِرَان ۔ زیارت کرنے والے ۔
کَہَف ۔ پناہ گاہ
اَرَامِل ۔ جمع اَرْمَل ۔ مسکینیاں ۔
جِیْرَان ۔ جمع جار ۔ ہمسائگاں ۔
مُزَکّیٰ ۔ زکوۃ دیا ہوا ۔ پاک ۔
عِرْض ۔ آبرو ۔
مَضْمُوْن ۔ محفوظ ۔

لَطیف - پاک -

تحریمہ - نماز کی نیت -

عِشا - نماز خفتن - رات کی نماز -

عَشا - رات کا کھانا -

سیّد عالم - سرور جہاں پیغمبر آخر الزماں علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مراد ہے -

رِضا - خوشنودی خدا -

تسلیم - سپرد کرنا حکم الٰہی پر گردن رکھنا

قضا - ارادۂ خدا -

اَبرار - جمع بَر - نیکوکاران -

اِدرار - وظیفہ و راتبہ -

طَبل - ڈھول - نقارہ - طبول جمع -

بسیج - قصد و ارادہ -

صفحہ ۱۱۰

یدِ عُلیا - اونچا ہاتھ - دینے والے کا ہاتھ

یدِ سُفلیٰ - نیچا ہاتھ - سائل کا ہاتھ -

مُحکم تنزیل - قرآن مجید جسکے معانی میں احتمال اور اشتباہ نہیں ہے -

نعیم - نیکی حال و نازمال -

وَقاحت - بےشرمی -

مُعجب - مغرور -

مُفتتن - فتنہ میں پڑنے والا -

سَفاہت - کمینگی -

اَبر آذر - ابر بہار -

صفحہ ۱۱۱

مَنّ و اَذیٰ - احسان و تکلیف -

مِحَکّ - کسوٹی -

غلیظان - سخت مزاج -

شَرَہ - حرص -

صفحہ ۱۱۲

لئیم الطبع - زشت خو -

منزویان - گوشہ نشین -

تقوٰی - پارسائی -

طیبات - کلام ہائے لطیف -

بیدق - شطرنج کا پیادہ -

صفحہ ۱۱۳

مبالغہ - کسی کام میں سخت کوشش کرنا

جعبہ - تیردان -

سَجَعْ گوئی ۔ موزوں و مقفی کلام کرنے والا

مُرَافَعَتْ ۔ کلام کو حاکم کے پاس لیجانا ۔

لَذْعَۃ ۔ کاٹنا ۔ ڈسنا ۔

مَکَارِہ ۔ جمع مُکرہ ۔ برائیاں ۔

صفحہ ۱۱۴

کَفُوْرٌ ۔ صفت مشبہ ۔ اِنکار کرنے والا ۔

کَنُوْدٌ ۔ صفت مشبہ ۔ ناشکرگذار ۔

ژَالَہ ۔ اولا ۔ شبنم ۔

سَاہِیْ ۔ فراموش کرنے والا ۔ خطاکار ۔

مَلَاہِیْ ۔ جمع مَلْہٰی ۔ کھیلنے والا ۔

صفحہ ۱۱۵

مَامَضٰی ۔ جو کچھ گذر گیا ۔

مُجَازَاۃ ۔ ایک دوسرے سے بدلا لینا ۔ مناظرہ جنگ

مُدَارَاۃ ۔ باہم خاطرداری کرنا ۔

نَسَقْ ۔ روش ۔ طریق ۔

## باب ہشتم در آداب صحبت

نَمَازِ ۔ دعائے خیر مُردے کے لئے ۔

## حکمت ۱

حضرت موسیٰ علیہ السلام ۔ بنی اسرائیل کے

اُولوالعزم پیغمبر عمران کے بیٹے جن پر توریت نازل ہوئی یہود ان کی اُمّت ہیں ۔

## حکمت ۲ ۔ صفحہ ۱۱۶

مُحَقِّقْ ۔ تحقیق کرنے والا ۔ حقیقت دریافت کرنے والا ۔

## حکمت ۶ ۔ صفحہ ۱۱۷

خَبِیْثْ ۔ بدکار

تَعَہُّدْ ۔ ذمہ داری ۔ حمایت ۔

اَنْبَازِیْ ۔ شرکت ۔

## حکمت ۹ ۔ صفحہ ۱۱۸

تَمَلُّقْ ۔ خوشامد ۔ چاپلوسی ۔

مُہْمَلْ ۔ بیکار ۔

## پند ۱۱ ۔ صفحہ ۱۱۹

اِمْضَا ۔ جاری کرنا ۔

## حکمت ۳

لاف از بروت زدن شیخی کرنا ۔

## حکمت ۱۵ ۔ صفحہ ۱۲۰

تَغَابُنْ ۔ زیانکاری ۔

## پند ۲۶

فَاصِد۔ رگ زن۔ رگوں میں نشتر دیکر خون
فاسد نکالنے والا۔

چیرہ۔ غالب۔

پند ۲۰۔ صفحہ ۱۲۱

اِحدَی الحُسنَیَین۔ ایک دو خوبیوں سے۔

پند ۲۲ و ۲۳

زَرَق۔ مکر۔

لَاشَہ۔ خر لاغر۔

کَعَب۔ شتالنگ۔ ٹخنا۔

حکمت ۲۴ و ۲۵ و ۲۶۔ صفحہ ۱۲۲

مُتَکَلِّم۔ تقریر کرنے والا۔

مَرو شَت۔ بغداد میں ایک مقام ہے۔

آبگینہ۔ شیشہ۔

سَمَنْد۔ گھوڑا جسکا رنگ زردی مائل ہو۔

حکمت ۲۷ و ۳۰ و ۳۱۔ صفحہ ۱۲۳

شبِ قَدر۔ مرتبہ اور جلال والی رات۔ رمضان
کے آخر عشرہ میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے
بہتر ہے۔ بقول اکثر ستائیسویں شب ہے۔

تَوْنچ۔ احول۔ دو بین۔ بھینگا۔

غَوْغ۔ میش۔ مینڈھا۔

حکمت ۳۴ و ۳۵ صفحہ ۱۲۴

عَنْدَلِیب۔ بلبل۔ عنادل جمع۔

غُراب۔ زاغ سرخ پا۔ غربان جمع

طَبلِ غازی۔ نٹ کی ڈھول۔

حکمت ۳۹۔ صفحہ ۱۲۵

عَامِی۔ جاہل۔

پند ۴۱۔ صفحہ ۱۲۶

مَعلُوم۔ فارسی میں بمعنی درہم و دینار
مستعمل ہے۔

حکمت ۴۴

در پوستین رفتن۔ عیب جوئی کرنا۔

حکمت [illegible] صفحہ ۱۲۷

اُولُوالاَلبَاب۔ صاحبانِ عقل

امام محمد غزالی۔ ایک فاضل اجل اور
کامل کا نام ہے جو غزالہ کے رہنے والے تھے
غزالہ ایک قریہ ہے مضافات طوس سے

نیشنل پریس الہ آباد میں باہتمام رمضان علی شاہ چھپا